# سُورَةُ البُرُوجِ

برج / تاروں کا جھرمٹ

القرآن ٨٥:٠١-٢٢

QuranicQuotes.com

وَٱلسَّمَآءِ ذَاتِ ٱلْبُرُوجِ

قسم ہے آسمان کی جو برجوں والا ہے۔

القرآن ٨٥:٠١

QuranicQuotes.com

# وَٱلْيَوْمِ ٱلْمَوْعُودِ

اور اس دن کی جس کا وعدہ کیا گیا ہے۔

القرآن ۸۵:۰۲

QuranicQuotes.com

وَشَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ

اور حاضر ہونے والے کی اور اس کی جس کے
پاس حاضر ہوا جائے۔

القرآن ۸۵:۰۳

QuranicQuotes.com

قُتِلَ أَصْحَـٰبُ ٱلْأُخْدُودِ

ہلاک ہوگئے وہ کھائیوں والے۔

القرآن ۸۵:۰۴

QuranicQuotes.com

ٱلنَّارِ ذَاتِ ٱلْوَقُودِ

وہ آگ جو بڑی ایندھن والی تھی۔

القرآن ۸۵:۰۵

QuranicQuotes.com

إِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُودٌ

جبکہ وہ اس (کے کناروں) پر بیٹھے ہوئے تھے۔

القرآن ٨٥:٠٦

QuranicQuotes.com

وَهُمْ عَلَىٰ
مَا يَفْعَلُونَ بِٱلْمُؤْمِنِينَ شُهُودٌ

اور مومنین کے ساتھ وہ جو کچھ کر رہے تھے
خود دیکھ رہے تھے۔

القرآن ۸۵:۰۷

QuranicQuotes.com

وَمَا نَقَمُوا۟ مِنْهُمْ إِلَّآ
أَن يُؤْمِنُوا۟ بِٱللَّهِ ٱلْعَزِيزِ ٱلْحَمِيدِ

اور وہ نہیں انتقام لے رہے تھے ان سے مگر اس
لیے کہ وہ ایمان لے آئے تھے اللہ پر جو
زبردست ہے اور اپنی ذات میں آپ محمود ہے۔

القرآن ۸۵:۰۸

QuranicQuotes.com

ٱلَّذِى لَهُۥ مُلْكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۚ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ شَهِيدٌ

جس کے لیے بادشاہی ہے آسمانوں کی اور زمین کی۔ اور اللہ تو ہر چیز پر خود گواہ ہے۔

القرآن ۸۵:۰۹

QuranicQuotes.com

إِنَّ ٱلَّذِينَ فَتَنُوا۟ ٱلْمُؤْمِنِينَ
وَٱلْمُؤْمِنَـٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا۟ فَلَهُمْ
عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ ٱلْحَرِيقِ

یقینا جن لوگوں نے ظلم و ستم توڑا مومن مردوں
اور مومن عورتوں پر پھر انہوں نے توبہ بھی
نہیں کی تو ان کے لیے ہو گا جہنم کا عذاب
اور جلا ڈالنے والا عذاب۔

القرآن ۸۵:۱۰

QuranicQuotes.com

إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟
ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَهُمْ جَنَّٰتٌ تَجْرِى مِن
تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَٰرُ ۚ ذَٰلِكَ ٱلْفَوْزُ ٱلْكَبِيرُ

یقینا وہ لوگ جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک
عمل کیے ان کے لیے وہ باغات ہوں گے
جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔
یہ ہے اصل بڑی کامیابی۔

القرآن ٨٥:١١

QuranicQuotes.com

إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ

یقینا تیرے رب کی پکڑ بڑی سخت ہے۔

القرآن ۸۵:۱۲

QuranicQuotes.com

إِنَّهُۥ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيدُ

وہی ہے جو پہلی مرتبہ پیدا کرتا ہے اور وہی
دوبارہ بھی کرے گا۔

القرآن ۸۵:۱۳

QuranicQuotes.com

وَهُوَ ٱلْغَفُورُ ٱلْوَدُودُ

اور وہ بخشنے والا ہے محبت کرنے والا ہے۔

القرآن ۸۵:۱۴

QuranicQuotes.com

ذُو ٱلْعَرْشِ ٱلْمَجِيدُ

عرش کا مالک ہے بڑی شان والا ہے۔

القرآن ۸۵:۱۵

QuranicQuotes.com

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ

وہ جو ارادہ کرلے کر گزرنے والا ہے۔

القرآن ۸۵:۱٦

QuranicQuotes.com

هَلْ أَتَىٰكَ حَدِيثُ ٱلْجُنُودِ

کیا آپ کے پاس لشکروں کی خبر پہنچی ہے ؟

القرآن ۸۵:۱۷

QuranicQuotes.com

فِرْعَوْنَ وَثَمُودَ

فرعون اور ثمود کی ؟

القرآن ۸۵:۱۸

QuranicQuotes.com

بَلِ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ فِى تَكْذِيبٍۢ

لیکن یہ کافر جو ہیں یہ جھٹلانے ہی میں
لگے رہیں گے۔

القرآن ۸۵:۱۹

QuranicQuotes.com

وَٱللَّهُ مِن وَرَآئِهِم مُّحِيطُۢ

جبکہ اللہ ان کو گھیرے میں لیے ہوئے ہے۔

القرآن ۸۵:۲۰

QuranicQuotes.com

بَلْ هُوَ قُرْءَانٌ مَّجِيدٌ

بلکہ یہ تو قرآن ہے بڑی شان والا۔

القرآن ۸۵:۲۱

QuranicQuotes.com

فِى لَوْحٍ مَّحْفُوظٍۭ

لوحِ محفوظ میں (نقش ہے)۔

القرآن ۸۵:۲۲

QuranicQuotes.com